50.

منروا مووی ٹون کا تیار کردہ

Good.

کندن

कुन्दन

کہانی اور گانے

اداکاران

نمی - سہراب مودی - سنیل دت - پران

نروپا - الاس - مراد - بے بی ناز

اوم پرکاش

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

سٹوری نمبر ۲ بدیں بیکاری، بیکاری میں بیماری، گندن گھبرا گیا، اس کے چاروں طرف اندھیرا تھا۔ بہن کی بیماری تھی اور بھابھی کی بھوکی سسکیاں تھیں۔ گندن نے روٹی چرائی اور پکڑا گیا۔ عدالت نے سزا دی۔ گندن نے جیل خانے سے بھاگنے کی ناکام کوشش کی۔ عدالت نے اور سزا دی۔ آگے پردہ پر دیکھیں۔

گندن کے گانے

گانا نمبر ۱

میری آنکھوں کے تارے دل کے سہارے ہیں تیرے صدقے میں تیرے صدقے

بہن میرے تیری سہری من تیرا بچھونا

کھیل رہی میری آشا تجھ سے تو ہے میرا کھلونا

سب ساتھ سنسار ہے۔ دل یہ پکارے، میں تیرے صدقے میں تیرے صدقے

رات کا چندا دن کا سورج تیری جوت سے جاگے

جیون کی نیا میں تجھ کو، میری عمر بھی لاگے

سدا سکھ رہیو پیارے، دن تو گزارے، میں تیرے صدقے میں تیرے صدقے

گانا نمبر ۲

آؤ ہمارے ہوٹل میں چائے بسکٹ گرم گرم۔ بسکٹ کھاؤ نرم نرم

جو دل چاہے مانگ لو ہم سے سب کچھ ہے بھگوان قسم

گرمی ہو تو شربت پی کر۔ کر لو دل کو ٹھنڈا

سردی ہو تو کھاؤ بھیا اک مرغی کا انڈا

اس ہوٹل کے اندر آ کر لے لو بابو نیا جنم

جو دل چاہو مانگ ......

بات بنے گی ہم دونوں کی پوچھو جی وہ کیسے
تم ہونٹوں میں چمچہ رکھو۔ ہم پاکٹ میں پیسے
چین قدموں پر پیسہ ہر سے دُنیا چومے وہی قدم
آؤ ہمارے ہوٹل میں چائے پیو جی گرم گرم
بسکٹ کھاؤ نرم نرم.....

گانا نمبر ۳ — بیک گراؤنڈ

ہوش میں آ او مورکھ بندے اندھیر ہے بھگوان
سب کرموں کا وہ ہے بھیدی اے اُس کو پہچان
نہ کر پاپ دُنیا میں نادان بن کے
دِکھا دے زمانے کو اِنسان بن کے
ذرا کھول آنکھیں اندھیرا نہیں ہے
یہ دھرتی یہ سنسار تیرا نہیں ہے
یہاں تو بھی آیا ہے مہمان بن کے

دِکھا دے زمانے کو.....

نہ کر پاپ دُنیا.....
ذرا اُٹھ کے جیون کا نقشہ بدل دے
ہے منزل کی حسرت تو رستہ بدل دے
جب لا اچھل بھلائی کا طوفان بن کے

نہ کر پاپ دُنیا.....
تو کب تک بھلا ہاتھ ملتا رہے گا
یہ قسمت کا چکر تو چلتا رہے گا
مٹا دے غریبی کو بلوان بن کے

نہ کر پاپ دُنیا.....

گانا نمبر۴

جہاں والے ہمیں دُنیا میں کیوں پیدا کیا تُو نے
غریبی دے کے آنکھیں پھیر لیں، یہ کیا کیا تُو نے
مجھے شکوہ نہیں تُو نے مٹا دی زندگی میری
کرم سے تیرے ٹکرائی کہاں تک مفلسی میری
میرے دِل کی اُمیدیں توڑ دیں، اچھا کیا تُو نے
جہاں والے....
ہمیں کیا ہم تو مر مر کے جئے ہیں اور جی لیں گے
ہمیشہ خون کے آنسو پئے ہیں اور پی لیں گے
زمانے میں خود اپنے نام کو رُسوا کیا تُو نے
جہاں والے.....

گانا نمبر۵

متوالے او متوالے، زمینوں کے نیر کھالے، دِل میں درد بسالے
دُنیا ہے آنی جانی۔ چھوڑ رے جا کوئی نشانی
اُلفت میں چور ہو جا۔ ہر غم سے دُور ہو جا۔ ہنس لے اور ہنسالے
متوالے، او متوالے
کسی کے دِل میں نگاہوں کے تیر چلتے ہیں کسی کے جہاں میں آہوں کے تیر چلتے ہیں
دولت کے سب ہیں بھوکے، بے کس کو کوئی نہ پوچھے
دُنیا ہے پاگل ساری، صورت ہے سب کی پیاری، دِل کے رنگ ہیں کالے
متوالے، او متوالے...

گانا نمبر۶

میرا بھولا بلم
دِل کی بتیاں اور اُم کتنم نہ جانے
کیسا نادان ہے بلم بے دردی
اتنا نہ پوچھا کبھی کا توری مرجی
کیسے کٹیں موری رتیاں اور اُم کتنم ، میرا بھولا بلم
منوا میں ہوک اُٹھے ، میں گیت گاؤں
پریتم کو پریت بھلا کیسے دکھاؤں
لاجوں بھری کاہے انکھیاں اور اُم کتنم
میرا بھولا بلم ....
گانا نمبر ۔ امرت اور کورس
نوجوانو بھارت کی تقدیر بنا دو
پھولوں کے اس گلشن سے کانٹوں کو ہٹا دو
توڑ کے سارے جال بدیشی ، کر لو دیش کو اپنا
رہ جائے نا دیکھو اُدھورا کوئی سپنا
گھر میں آگ لگائے جو دیپک اُسکو بجھا دو
پھولوں کے ....
ہم بھارت کے باسی کیوں ہوں دُنیا سے شرمندہ
دیش کے کارن موت بھی آئے پھر بھی رہینگے زندہ
بجے ہند کے نعروں سے دھرتی کو ہلا دو
پھولوں کے ....
اپنے ساتھ ہے کیسے کیسے بلوانوں کی شکتی
نہرو جواہر لال کی ہمت ، باپو جی کی بھگتی

دیش کا جھنڈا جگ میں اونچا کر کے دکھا دو
پھولوں کے ....

گانا نمبر ۸

یہ بہاروں کے دن۔ یہ سہانا سماں
اب تو سن لیجئے پیار کی داستاں
آج گاتے چلو مسکراتے چلو
مستیاں زندگی کی لٹاتے چلو
اب نہیں کوئی غم۔ اپنی منزل پہ ہم، آ گئے ہیں صنم
دو مسافر ملے بن گیا کارواں — اب تو سن لیجئے .....
یہ بہاروں کے دن ...
تم ہمارے ہوئے، ہم تمہارے ہوئے
مل گئے دو محبت کے مارے ہوئے
تیرے دم سے سجا ہے یہ دل کا چمن، پیار کی انجمن
زندگی ہے ہنسی، آرزو ہے جواں
اب تو سن لیجئے .....
یہ بہاروں کے دن ....

گانا نمبر ۹

شکایت کیا کروں دونوں طرف غم کا فسانہ ہے
میرے آگے محبت ہے تیرے آگے زمانہ ہے
پکارا ہے مجھے منزل نے لیکن میں کہاں جاؤں
بچھڑ کر تیری دنیا سے کہاں میرا ٹھکانہ ہے
مبارک ہو تجھے جان وفا مجبوریاں تیری

مجھے تو زندگی بھر پیار کا وعدہ نبھانا ہے

گانا نمبر ۵

میری جان غیر کو تم پان کھلایا نہ کرو
میرے ارمان بھرے دل کو جلایا نہ کرو
جاؤ جی مفت میں یوں ہم کو ستایا نہ کرو
جیب خالی ہو تو بازار میں آیا نہ کرو
تم تو نادان ہو۔ کیا جانو محبت کیا ہے
پیار سچا ہو تو پیسوں کی ضرورت کیا ہے
جھوٹے پیار کے گیت میرے سامنے گایا نہ کرو
جیب خالی ہو...

(ختم شد)

دلچسپ اور کارآمد۔ راتوں کو نیند اُڑا دینے والی فلمی دنیا!!

تہلکہ مچا دینے والی کتاب

فلمستان کی پریاں

اس کتاب میں آپکے پسندیدہ فلموں میں کام کرنیوالے ایکٹروں ایکٹرلیسوں نیز ڈائرکٹروں کی زندگی کے حالات۔ وہ کسطرح فلم کمپنیوں میں داخل ہوئے۔ جس نے کس کس فلم میں کام کیا۔ [illegible] ایکٹروں اہم معلومات درج کی ہیں۔ جگہ جگہ ایکٹرلیسوں کی تصاویر نے اس کتاب میں چار چاند لگا دیئے ہیں۔ اگر آپکو فلمستان سے ذرا بھی لگاؤ ہے۔ تو آپکے لئے یہ کتاب بیحد ضروری ہے

قیمت صرف ۱۲/ محصولڈاک معاف

بغیر استاد کے چند روز میں

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانہ میں ہارمونیم سیکھنا پسند کرتے ہیں جیسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور بعض فلمی گانوں نیز بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلئے قابل مصنف نے کتاب کے اندر تمام سر اور گانے جمع کئے ہیں

قیمت صرف ۱/۴ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ

[illegible]لو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

۱۲

(…ل پرنٹنگ پریس دہلی)